© rasailojaraid.com



عشرہ میں حسب معمول طلبہ درس نظامی کے سالانہ تعطیلات کا اعلان ہوا۔ تاہم شعبہ دارالحفظ، دفتر اہتمام، ماہنامہ الحق، مطبخ، کتب خانہ، تبلیغ واشاعت، دارالتصنیف اور دارالافتاء وغیرہ تمام شعبہ جات میں حسب معمول کام جاری رہا۔

**سہ روزہ مقابلہ حفظ القرآن**

چونکہ رمضان المبارک قرآن کا مہینہ ہے اسی مناسبت سے دارالحفظ کے اساتذہ نے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے مشورہ سے جامع مسجد دارالعلوم میں رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں طلبہ دارالحفظ کے سہ روزہ مقابلہ قرآن کا پروگرام مرتب فرمایا۔ جس میں سات سال سے ۱۸ سال تک کی عمر کے طلبہ نے حصہ لیا۔

شام کے ۹ بجے سے صبح کی نماز تک یہ سلسلہ جاری رہتا۔ حاضرین وسامعین دور دور سے مسافت طے کر کے آتے اور طلبہ کے اس روح پرور اور ایمان آفرین کردار سے متاثر ہو کر ان کے ساتھ شب بیداری میں شریک رہتے۔ طلبہ کے اس مثالی اور شاندار پروگرام سے علاقہ بھر میں حفظ القرآن کی اہمیت وعظمت اور حفظ واشاعت قرآنی کا زبردست جذبہ پیدا ہوگیا ہے۔ خدا کرے کہ پوری قوم اور ملت کے لئے اس کے دوررس اور انقلابی نتائج وثمرات حاصل ہوں۔ علاوہ ازیں دارالحفظ کے دسیوں طلبہ نے اکوڑہ، نوشہرہ اور ان کے ملحقات کی مساجد میں تراویح میں قرآن سنایا اور علاقہ بھر قرآنی انوار وبرکات سے منور رہا۔

**مسجد شیخ الحدیث میں ختم القرآن**

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے برخوردار مولانا انوارالحق فاضل ومدرس دارالعلوم حقانیہ کا عام معمول یہ ہے کہ وہ قدیم دارالعلوم (مسجد شیخ الحدیث) میں حضرت مدظلہ کو ہر سال تراویح میں قرآن سنایا کرتے ہیں۔ اس سال بھی حسب سابق اپنی مسجد میں قرآن سنایا۔ تراویح میں اہل محلہ کے علاوہ دور دراز کے احباب ومخلصین بھی شریک رہے۔

۲۷ رمضان المبارک کو ختم قرآن کی تقریب منعقد ہوئی۔ مولانا عبدالقیوم حقانی نے تقریر کی۔ اور حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے جملہ حاضرین وسامعین دارالعلوم کے مخلصین ومعاونین، افغان مجاہدین ومہاجرین اور تمام ملت واُمت کے لئے دعائیں کیں۔

**ترجمہ و دورۂ تفسیر**

اس سال بھی حسب سابق دارالعلوم حقانیہ کے دارالحدیث میں ترجمہ قرآن بصورت دورۂ تفسیر ۱۶ شعبان سے ۲۲ رمضان تک جاری رہا۔ دارالعلوم کے فاضل ومدرس مولانا عبدالقیوم حقانی روزانہ دارالحدیث میں چار پانچ گھنٹے درس دیتے رہے۔ شرکاء میں علماء، دارالعلوم کے فضلاء، دینی مدارس کے طلباء کے علاوہ جدید تعلیم یافتہ طبقہ اور عامۃ المسلمین کی تعداد حاضری سینکڑوں سے زائد رہی۔ ۷۰ سے زائد طلبہ کو باقاعدہ داخلہ دیا گیا۔ ۲۲ رمضان المبارک کو ختم تفسیر وتقسیم اسناد کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ حضرت



© rasailojaraid.com